# ہندوستان- جاپان ایکٹ ایسٹ فورم کا 7واں اجلاس

19 فروری، 2024

ہندوستان اور جاپان نے مورخہ 19 فروری 2024 کو نئی دہلی میں انڈیا-جاپان ایکٹ ایسٹ فورم (AEF) کا 7واں اجلاس منعقد کیا۔ اس میٹنگ کی مشترکہ صدارت خارجہ سکریٹری مسٹر ونئے موہن کواترا اور ہندوستان میں جاپان کے سفیر عزت مآب جناب ہیروشی سوزوکی نے کی۔ جاپان کی طرف سے، شرکاء میں جاپان کا سفارت خانہ اور دہلی میں واقع جاپانی سرکاری ادارے شامل تھے۔ ایکٹ ایسٹ فورم کا قیام وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور اس وقت کے وزیر اعظم شنزو آبے کے درمیان 2017 میں ہونے والی ملاقات کے بعد کیا گیا تھا جس کے دو اہم مقاصد تھے - (i) ہندوستان کے شمال مشرقی علاقے کی ترقی اور (ii) اس خطے کے اندر اور اس خطے اور جنوب مشرقی ایشیا کے درمیان رابطے کو فروغ دینا۔

ایکٹ ایسٹ فورم کے ایک جزو کے طور پر انہوں نے شمال مشرق کے راستے ہندوستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تجارت اور رسد کو بہتر بنانے کے لیے سرحد پار سروے کی پیشرفت اور مختلف علاقوں میں جاری پروجیکٹس بشمول ارتباط، نئی اور قابل تجدید توانائی، شہری ترقی، جنگلات کا انتظام، مہارت کی ترقی، زراعت اور ماہی گیری، صحت کی دیکھ بھال، آفات سے بچنے والے بنیادی ڈھانچے میں صلاحیت کی تعمیر، زرعی صنعت، سیاحت اور ثقافتی تبادلے، اور جاپانی زبان کی تعلیم کا جائزہ لیا۔ انہوں نے باہمی تعاون کے ممکنہ نئے شعبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

**نئی دہلی**
**19 فروری، 2024**